PHILIP MORRIS
(PAKISTAN) LIMITED

NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra Ordinary General Meeting of the shareholders of Philip Morris (Pakistan) Limited will be held at the Ball Room A & B, Movenpick Hotel, Club Road, Karachi and through video conferencing on Thursday, July 24th, 2025, at 12:00 p.m., to transact the following business:

SPECIAL BUSINESS

1. To consider and if deemed fit, to pass the following resolution with or without modification as Special Resolutions:

   "RESOLVED THAT one of the sponsors and majority shareholder, Philip Morris Investments B.V., of Philip Morris (Pakistan) Limited ("Company") is hereby authorized to buy back 1,444,917 ordinary shares from the general public at price of PKR 1,300 per share as approved by the Voluntary Delisting Committee (VDC) of the PSX.

   "FURTHER RESOLVED that the Company be delisted from the PSX under the Voluntary Delisting Regulations of the PSX upon fulfillment of all applicable regulatory requirements."

   "FURTHER RESOLVED that the Company executives, Muhammad Zeeshan (Chief Finance Officer) and Mohammad Saad Khaleel (Company Secretary and Controller) be and are hereby authorized to sign, execute and deliver any document, and to do any other act, deed or thing for and on behalf of the Company required to complete the delisting of the Company from the PSX."

ANY OTHER BUSINESS

2. To consider any other business with the permission of the Chair.

BY ORDER OF THE BOARD

Mohammad Saad Khaleel
COMPANY SECRETARY
DATE: July 2nd, 2025

Notes:

1. The share transfer books of the Company will remain closed from July 17th, 2025 to July 24th, 2025 (both days inclusive) and no transfer will be accepted for registration during this period. Transfers received in order till close of business on July 16th, 2025, will be accepted for transfer.

2. Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Company as at July 16th, 2025 will be entitled to attend/participate in/vote at the General Meeting.

3. An instrument of proxy [Proxy form to be attached as provided in article 62 of the AoA] applicable for the Meeting is being provided with the Notice sent to members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours.

4. A member entitled to amend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxies in order to be effective must be received by the Company not less than 48 hours before the meeting.

5. CDC Account Holders will further have to follow the undermentioned guidelines as laid down in the Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

   For Attending the Meeting

   i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders and/or the persons whose securities are in group accounts and their registration details are uploaded as per applicable regulations shall authenticate their identities by showing their original Computerized National Identity Cards (CNICs) or original passports at the time of attending the Meeting.

   ii. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney in favor of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

   For Appointing Proxies

   i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders and/or the persons whose securities are in group accounts and their registration details are uploaded as per applicable regulations shall submit the proxy forms as per the above requirements.

   ii. The proxy form shall be witnessed by the person whose name, address and CNIC number shall be mentioned on the form.

   iii. Attested copies of CNICs or passports of the beneficial owners and the proxies shall be furnished with the proxy form.

   iv. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

   v. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form to the Company.

6. As per the instructions of the Securities and Exchange Commission of Pakistan, the Company has arranged video link facility for online participation of members in the Meeting. The Meeting can be attended using smart phones/tablets/computers. To attend the Meeting through the video link, the members are requested to register themselves by providing the following information along with valid copies of CNICs/passports/certified copies of board resolution/power of attorney in case of corporate shareholders with the subject "Registration for EGM" through email at **companysecretary.pmpk@pmi.com** on or before July 22nd, 2025.

   i. Name of Member and CNIC Number
   ii. CDC Account Number/Folio Number and number of shares held in their name
   iii. Cell Number
   iv. Email address

   The members who are registered after the necessary verification shall be provided with a video link by the Company on the same email address that they email to the Company. The login facility will be opened at 12:00 p.m. on July 24th, 2025, enabling the shareholders to join the Meeting which will start at 12:00 p.m. [PST] sharp.

   The members can also provide their comments and suggestions to the agenda item of the Meeting at the email address: companysecretary.pmpk@pmi.com.

7. **PROCEDURE FOR E-VOTING AND POSTAL BALLOT VOTING FOR SPECIAL BUSINESS**

   Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, shareholders of the Company are hereby provided the facility of e-voting and voting through Postal Ballot in the Extraordinary General Meeting to be held on Thursday, July 24th,2025 at 12:00 p.m.at Ball Room A & B, Movenpick Hotel, Club Road, Karachi.

   Procedure for E-voting:

   i) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business on July 16th, 2025.

   ii) The web address, login details and password will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).

   iii) Identities of the members intending to cast votes through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

   iv) E-voting lines will start from Monday, July 21st, 2025, at 09:00 a.m. and close on Wednesday, July 23rd, 2025 at 5:00 p.m. Members can cast their votes at any time during this period. Once the vote is cast by a member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

8. **PROCEDURE FOR SUBMISSION OF BALLOT PAPER**

   The members shall ensure that duly filled and signed ballot papers, along with copies of their Computerized National Identity Cards (CNICs), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address Office Nos 4 & 5, 5th Floor, Corporate Office Block, Dolmen City, Plot HC-3, Block 4, Clifton Karachi or email at **companysecretary.pmpk@pmi.com** two day before the Extraordinary General Meeting on July 22nd, 2025, during working hours. The signature on the ballot paper shall match the signature on CNIC.

9. As per section 72 of the Companies Act, 2017 (the "Act"), the Company is required to replace its physical shares with the book entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act.
   The members having physical shareholding are encouraged to open account with the Central Depositary Company (CDC) to place their physical share into scrip less form.

10. Members having physical shares are requested to notify changes, if any, in their addresses to the Company's share registrar CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400. Whereas, CDC Account holders are requested to contact their respective CDC Participants/Brokers/Investor Account Services.

Statement of Material Facts under Section 134 (3) (b) of The Companies Act 2017

Item No. 1 of the Notice:

One of the sponsors and majority shareholders, Philip Morris Investments B.V. ("PMIBV"), intends to increase its ownership of the Company by purchasing all the outstanding shares held by minority shareholders other than Philip Morris Brands SARL ("PMBS", the other sponsor), and consider delisting of the Company from the Pakistan Stock Exchange Limited.

The reasons for delisting are as follows:

(a) Philip Morris International ("PMI"), through one of its subsidiaries PMIBV, intends to increase ownership of the Company by purchasing all outstanding shares and securities held by minority shareholders, other than those held by PMBS (also a PMI subsidiary and the other sponsor of the Company) in order to delist the Company from PSX.

(b) The purchase/buy-back of the Company's issued ordinary shares will improve the earnings per share of the Company primarily due to a reduction in regulatory compliance expenses associated with being a listed Company.

(c) It will provide an opportunity to exit to those shareholders who wish to liquidate their investments, at a competitive price.

Therefore, the Board of Directors of the Company in their meeting held on **March 25th, 2025**, approved the proposal for voluntary delisting of the company from the Pakistan Stock Exchange Limited.

POSTAL BALLOT PAPER

For voting through post for the Special Business at the Extraordinary General Meeting to be held on Thursday, July 24th, 2025, at 12:00 p.m. at Ball Room A & B, Movenpick Hotel, Club Road, Karachi.

Folio/CDC Account Number	
Name of Shareholder/Proxy Holder	
Registered Address	
Number of Shares Held	
CNIC/Passport Number (in case of foreigner) (copy to be attached)	
Additional information and enclosures (in case of representative of corporate body, corporation, and federal Government)	
Name of Authorized Signatory	
CNIC/Passport Number (in case of foreigner) of Authorized Signatory (copy to be attached)	

Special Resolution:

Item No. 1

"RESOLVED THAT one of the sponsors and majority shareholder, Philip Morris Investments B.V., of Philip Morris (Pakistan) Limited (the "Company") is hereby authorized to buy back 1,444,917 ordinary shares from the general public at the price of PKR 1,300 per share as approved by the Voluntary Delisting Committee (VDC) of the PSX.

"FURTHER RESOLVED that the Company be delisted from the PSX under the Voluntary Delisting Regulations of the PSX upon fulfillment of all applicable regulatory requirements."

"FURTHER RESOLVED that the Company executives, Muhammad Zeeshan (Chief Finance Officer) and Mohammad Saad Khaleel (Company Secretary and Controller) be and are hereby authorized to sign, execute and deliver any document, and to do any other act, deed or thing for and on behalf of the Company required to complete the delisting of the Company from the PSX."

Instructions for Poll

1. Please indicate your vote by ticking (putting a tick mark, √, in) the relevant box.
2. In case both the boxes are ticked, your Ballot Paper shall be treated as "Rejected".

I/We hereby exercise my/our vote in respect of the above resolutions through ballot by conveying my/our assent to or dissent from the resolution by placing a tick (√) mark in the appropriate box below.

Resolution	I/We assent to the Resolution (FOR).	I/We dissent from the Resolution (AGAINST).

NOTES:

1. Duly filled ballot paper should be sent to the Chairman at Office Nos 4 & 5, 5th Floor, Corporate Office Block, Dolmen City, Plot HC-3, Block 4, Clifton Karachi or email at companysecretary.pmpk@pmi.com.
2. Copy of CNIC/passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Ballot paper should reach the Chairman within business hours by or before July 22nd, 2025, before 5:00 p.m. Any postal ballot received after this date will not be considered for voting.
4. Signature on ballot paper should match the signature on CNIC/passport (in case of foreigner).
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, overwritten poll paper will be rejected.
6. In case of a representative of a corporate body, corporation or Federal Government, the Ballot Paper Form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution/Power of Attorney/Authorization Letter, etc., in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable.

____
Shareholder/Proxy Holder
Signature/Authorized Signatory **Dated:** ______________

AD Size: 6 col x 48 cm

PHILIP MORRIS
(PAKISTAN) LIMITED

غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **فلپ موریس (پاکستان) لمیٹڈ** کا غیر معمولی اجلاسِ عام (''**EOGM**'') درج ذیل اُمور کو انجام دینے کی غرض سے **جمعرات، 24 جولائی 2025ء، دوپہر 12:00 بجے** بال رُوم A اینڈ B، موون پک ہوٹل، کلب روڈ، کراچی میں اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد ہوگا۔

خصوصی اُمور:

1. غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر پاس کرنا:

قرار پایا کہ ''فلپ موریس (پاکستان) لمیٹڈ (''کمپنی'') کے اسپانسرز میں سے ایک اور اکثریتی شیئر ہولڈر، فلپ موریس انویسٹمنٹس بی وی کو PSX کی والنٹری ڈی لسٹنگ کمیٹی (VCD) کی منظوری کے مطابق بذریعہ ہٰذا 1,444,917 عام حصص -/1,300 روپے کی قیمت پر عام لوگوں سے واپس خریدنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

مزید قرار پایا کہ ''تمام قابلِ اطلاق ریگولیٹری تقاضوں کو پورا کرنے پر کمپنی کو PSX کے والنٹری ڈی لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت PSX سے خارج کر دیا جائے۔''

مزید قرار پایا کہ ''کمپنی کے ایگزیکٹیو، محمد ذیشان (چیف فنانس آفیسر) اور محمد سعد خلیل (کمپنی سیکریٹری اور کنٹرولر) کسی بھی دستاویز پر دستخط کرنے، اس پر عمل درآمد کرنے اور ڈیلیور کرنے، اور کمپنی کی جانب سے PSX سے ڈی لسٹنگ مکمل کرنے کے لیے درکار کوئی بھی اقدام، کام یا عمل کرنے کے مجاز ہیں۔''

دیگر اُمور:

2. چیئر کی اجازت سے کسی دیگر معاملے پر غور کرنا۔

بحکم بورڈ

محمد سعد خلیل
کمپنی سیکریٹری
تاریخ: 02 جولائی 2025ء

ملاحظات (نوٹس):

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس **17 جولائی 2025ء تا 24 جولائی 2025ء** (دونوں دن شامل) بند رہیں گی اور اس مدّت کے دوران کوئی بھی ٹرانسفر رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا تاہم، **16 جولائی 2025ء** کو کاروباری اوقات کے اختتام تک وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو ٹرانسفر کے لیے قبول کیا جائے گا۔
2. صرف وہ افراد جو **16 جولائی 2025ء** تک کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہیں، اجلاسِ عام میں شرکت، حصّہ لینے اور ووٹ دینے کے مجاز ہوں گے۔
3. اجلاس کے لیے قابلِ اطلاق پروکسی فارم (جیسا کہ کمپنی کے ایسوسی ایشن آف آرٹیکل 62 میں فراہم کیا گیا ہے) نوٹس کے ساتھ اراکین کو بھیجا جا رہا ہے۔ پروکسی فارم کی مزید نقول کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے معمول کے دفتری اوقات میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔
4. ممبر جو اجلاس میں شریک ہونے، رائے دینے اور ووٹ ڈالنے کا اہل ہوگا/ ہوگی وہ کسی اور ممبر کو اپنے نمائندے کے طور پر مقرّر کر سکتا ہے/ کر سکتی ہے تا کہ وہ اس کی جگہ شریک ہو اور ووٹ ڈالے۔ پروکسیز مؤثر ہونے کے لیے EOGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔
5. سی ڈی سی (سینٹرل ڈپازٹری کمپنی) اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید درج ذیل رہنما اصولوں جیسا کہ 26 جنوری 2000ء کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ذریعے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 میں بیان کیا گیا تھا کی پیروی بھی کرنا ہوگی۔

اجلاس میں شرکت کے لیے:

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں اُنھیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پیش کرنا ہوگا (سوائے اس کے کہ وہ پہلے ہی فراہم کر دیا گیا ہو)۔

پروکسی کی تقرّری کے لیے:

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات لاگو ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں اُنھیں درج بالا ضروریات کے مطابق پروکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

ii. پروکسی فارم پر اُس شخص کے دستخط ہوں گے جس کا نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

iii. مستفید ہونے والے مالکان اور پروکسی (نائب) کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پروکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا ہوں گی۔

iv. اجلاس کے وقت نائب (پروکسی) کو اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v. ادارے کی صورت میں کمپنی کو پروکسی فارم کے ہمراہ نمونے کے دستخط کے ساتھ ساتھ بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ بھی پیش کرنا ہوگا (سوائے اس کے کہ وہ پہلے ہی فراہم کر دیے گئے ہوں)۔

6. سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں کمپنی نے میٹنگ میں ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے ممبر کی آن لائن شرکت کا انتظام کیا ہے۔ ممبرز اسمارٹ فونز/ ٹیبلٹس/ کمپیوٹرز کا استعمال کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے، ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کے ساتھ جائز العمل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف)/ پاسپورٹ کی نقل، بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ (ادارہ جاتی شیئر ہولڈرز کی صورت میں) کی تصدیق شدہ نقل بعنوان ''ای جی ایم کے لیے رجسٹریشن'' **22 جولائی 2025ء** کو یا اُس سے قبل **companysecretary.pmpk@pmi.com** پر ای میل کے ذریعے فراہم کر کے خود کو رجسٹر کریں:

i. ممبر کا نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر
ii. سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/ فولیو نمبر اور اُن کے نام پر رکھے گئے شیئرز کی تعداد
iii. سیل نمبر
iv. ای میل ایڈریس

ممبرز جو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر ہوں گے اُنھیں کمپنی کی جانب سے اُسی ای میل پتے پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس سے اُنھوں نے کمپنی کو ای میل کی ہوگی۔ لاگ اِن کی سہولت 24 جولائی 2025ء کو دوپہر 12:00 بجے فعال کر دی جائے گی، تا کہ شیئر ہولڈرز اجلاس میں شرکت کر سکیں، جو دوپہر 12:00 بجے (پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم) پر وقت کی پابندی کے ساتھ شروع ہوگا۔

ممبرز اجلاس کے ایجنڈا آئٹم پر اپنی رائے/ تجاویز **companysecretary.pmpk@pmi.com** پر ای میل کر سکتے ہیں۔

7. **خصوصی کاروبار کے لیے ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے تحت کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ یہ اجلاس **جمعرات، 24 جولائی 2025ء، دوپہر 12:00 بجے** بال رُوم A اینڈ B، موون پک ہوٹل، کلب روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔

ای-ووٹنگ کا طریقۂ کار:

i) بذریعہ ای میل ای-ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان اراکین کو بھیجی جائیں گی جن کے درست سی این آئی سی نمبرز، سیل نمبرز اور ای میل ایڈریسز کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں 16 جولائی 2025ء تک کاروباری اوقات کے اختتام پر موجود ہوں گے۔

ii) ویب ایڈریس، لاگ اِن تفصیلات اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ سکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل (ای-ووٹنگ سروس پرووائیڈر ہونے کے ناتے) سے ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔

iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے والے اراکین کی شناخت کی تصدیق الیکٹرونک دستخط یا لاگ اِن کے ذریعے کی جائے گی۔

iv) ای ووٹنگ لائنز بروز پیر 21 جولائی 2025ء کو صبح 09:00 بجے شروع ہوں گی اور بروز بدھ 23 جولائی 2025ء کو شام 05:00 بجے بند ہو جائیں گی۔ اراکین اس مدّت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جائے تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

8. **بیلٹ پیپر جمع کروانے کا طریقۂ کار**

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپرز، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNICs) کی کاپیز کے ساتھ، بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس آفس نمبر 4 اور 5، پانچویں منزل، کارپوریٹ آفس بلاک، ڈولمن سٹی، پلاٹ HC-3، بلاک 4، کلفٹن، کراچی یا ای میل **companysecretary.pmpk@pmi.com** پر غیر معمولی اجلاسِ عام سے دو دن قبل یعنی 22 جولائی 2025ء کو دفتری اوقاتِ کار میں چیئرمین میٹنگ کو وصول ہو جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر موجود دستخط سے مماثلت رکھنے چاہئیں۔

9. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 72 کے تحت، کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک اینٹری فارمیٹ میں، جیسا کہ کمیشن کی جانب سے تجویز کیا گیا ہو اور ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کی مدّت میں جس تاریخ سے لاگو کیا جائے تبدیل کرے۔

ایسے اراکین جن کے پاس فزیکل شیئرز موجود ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے ساتھ اکاؤنٹ کھولیں تا کہ اپنے شیئرز کو اسکرپ لیس (Scripless) صورت میں منتقل کر سکیں۔

10. وہ اراکین جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں، ان سے گزارش ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 پر مطلع کریں۔ جبکہ، CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ CDC پارٹسپنٹس/ بروکرز/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 134(3)(b) کے تحت مادی حقائق کا بیان

نوٹس کا آئٹم نمبر 1:

کمپنی کے اسپانسرز میں سے ایک اور اکثریتی شیئر ہولڈر، فلپ موریس انویسٹمنٹس بی وی (PMIBV) نے کمپنی میں اپنی ملکیت بڑھانے کا ارادہ ظاہر کیا ہے، اور وہ تمام اقلیتی شیئر ہولڈرز سوائے فلپ موریس برانڈز SARL (دوسرا اسپانسر ''PMBS'') کے پاس موجود تمام حصص خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے، اور کمپنی کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (PSX) سے ڈی لسٹ کرنے پر غور کر رہا ہے۔

کمپنی کو ڈی لسٹ کرنے کی وجوہات درج ذیل ہیں:

(ا) فلپ موریس انٹرنیشنل (''PMI'') اپنی ذیلی کمپنی PMIBV کے ذریعے کمپنی میں ملکیت بڑھاتے ہوئے تمام بقایا عام حصص اور سکیورٹیز خریدنا چاہتا ہے، جو اقلیتی شیئر ہولڈرز کے پاس ہیں، سوائے اُن کے جو PMBS (یہ بھی PMI کی ذیلی اور کمپنی کی دوسری اسپانسر ہے) کے پاس ہیں۔ اس اقدام کا مقصد کمپنی کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے ڈی لسٹ کرنا ہے۔

(ب) کمپنی کے جاری کردہ عام حصص کی خریداری/ واپسی سے فی حصص آمدن (Earnings per Share) میں بہتری آئے گی، خاص طور پر اس وجہ سے کہ لسٹڈ کمپنی کے طور پر جو ریگولیٹری تقاضے اور اخراجات ہوتے ہیں، وہ کم ہو جائیں گے۔

(ج) اس عمل کے ذریعے اُن شیئر ہولڈرز کو مناسب قیمت پر سرمایہ نکالنے (Exit) کا موقع فراہم کیا جائے گا، جو اپنی سرمایہ کاری کو نقد میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔

لہٰذا، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی میٹنگ جو **25 مارچ 2025ء** کو منعقد ہوئی، اس میں کمپنی کو رضا کارانہ طور پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ سے ڈی لسٹ کرنے کی تجویز کی منظوری دے دی۔

پوسٹل بیلٹ پیپر

غیر معمولی اجلاسِ عام میں خصوصی اُمور کے لیے بذریعہ ڈاک رائے دہی کی خاطر جو **جمعرات، 24 جولائی 2025ء، دوپہر 12:00 بجے** بال رُوم A اینڈ B، موون پک ہوٹل، کلب روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔

فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر/ پروکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
حامل شیئرز کی تعداد	
سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکیوں کے لیے) (کاپی منسلک کی جائے)	

اضافی معلومات اور منسلکات (کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کے لیے)

مجاز دستخط کنندہ کا نام	
مجاز دستخط کنندہ کا سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکیوں کے لیے) (کاپی منسلک کی جائے)	

خصوصی قرارداد:

آئٹم نمبر 1:

''یہ قرار پایا کہ فلپ موریس (پاکستان) لمیٹڈ (کمپنی) کے اسپانسرز میں سے ایک اور اکثریتی شیئر ہولڈر فلپ موریس انویسٹمنٹس بی وی کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ 1,444,917 عام حصص عوام سے فی شیئر -/1,300 روپے کی قیمت پر خریدے، جیسا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) کی والنٹری ڈی لسٹنگ کمیٹی (VDC) کی جانب سے منظور شدہ ہے۔''

''مزید یہ قرار پایا کہ کمپنی کو والنٹری ڈی لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت تمام متعلقہ ریگولیٹری تقاضے پورے ہونے پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) سے ڈی لسٹ کر دیا جائے۔''

''مزید یہ قرار پایا کہ کمپنی کے ایگزیکٹیوز محمد ذیشان (چیف فنانس آفیسر) اور محمد سعد خلیل (کمپنی سیکریٹری اور کنٹرولر) کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے PSX سے ڈی لسٹنگ کے عمل کی تکمیل کے لیے کوئی بھی دستاویز دستخط کریں، اس پر عملدرآمد کریں، جمع کروائیں اور کوئی بھی ضروری اقدام، عمل یا کام انجام دیں۔''

رائے دہی کی ہدایات

1. ازراہِ کرم اپنے ووٹ کو مناسب بکس میں ٹِک (√) کا نشان لگا کر ظاہر کریں۔
2. اگر دونوں بکسز میں (√) نشان لگا دیا جائے تو آپ کا ووٹ ''مسترد'' سمجھا جائے گا۔

میں/ ہم درج بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب بکس میں ٹِک (√) لگا کر قرارداد پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے ظاہر کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

قرارداد	میں/ ہم قرارداد سے اتفاق کرتا ہوں/ کرتے ہیں (ہاں)	میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتا ہوں/ کرتے ہیں (نہیں)

نوٹس:

1. مناسب طریقے سے پُر کیا گیا بیلٹ پیپر چیئرمین کو آفس 4 اور 5، پانچویں منزل، کارپوریٹ آفس بلاک، ڈولمن سٹی، پلاٹ HC-3، بلاک-4، کلفٹن، کراچی پر یا بذریعہ ای میل **companysecretary.pmpk@pmi.com** پر بھیجا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ CNIC/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔
3. بیلٹ پیپر 22 جولائی 2025ء کو اوقاتِ کار شام 05:00 بجے یا اُس سے پہلے چیئرمین تک پہنچنا لازمی ہے۔ اس وقت/ تاریخ کے بعد وصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیرِ غور نہیں آئے گا۔
4. بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا لازمی ہے۔
5. نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا، مسخ شدہ، لکھائی پر لکھائی والا پول پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق (شقات) 138 یا 139 جو لاگو ہو کے مطابق ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں، بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ مجاز شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ مختار نامے وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی لازماً منسلک ہونی چاہیے۔

____
شیئر ہولڈر/ پروکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ کے دستخط

تاریخ: ______________________

AD Size: 6 col x 48 cm